قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

نظام کار

برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۳۰ مارچ، ۲۰۲۶ء شام پانچ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب انجم عقیل خان** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کی یونیورسٹیوں، کالجوں اور اسکولوں کی جانب سے بے تحاشا ٹیوشن فیس اور سالانہ واجبات وصول کیے جانے سے متعلق ہے۔

بلوں کا پیش کرنا

۴۔ **سردار اویس احمد خان لغاری**، وزیر برائے بجلی، الیکٹریسٹی ایکٹ، ۱۹۱۰ء (ایکٹ نمبر ۹ بابت ۱۹۱۰ء) میں ترمیم کرنے کا بل [الیکٹریسٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۵۔ **سینیٹر سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ و انسداد منشیات، مجموعہ تعزیرات پاکستان، ۱۸۶۰ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فوجداری قانون (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۶۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل، مالیاتی ذمہ داری و تحدید قرضہ ایکٹ، ۲۰۰۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مالیاتی ذمہ داری و تحدید قرضہ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

۷۔ **سردار اویس احمد خان لغاری**، وزیر برائے بجلی، بجلی کی پیداوار، ترسیل و تقسیم کا انضباط ایکٹ، ۱۹۹۷ء (ایکٹ نمبر ۴۰ بابت ۱۹۹۷ء) میں ترمیم کرنے کا بل [بجلی کی پیداوار، ترسیل و تقسیم کا انضباط (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پیش کریں گے۔

۸۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل، مالیاتی ادارے (بازیابی مالیات) آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (نمبر ۴۶ بابت ۲۰۰۱ء) میں مزید ترمیم کرنے کا بل [مالیاتی ادارے (بازیابی مالیات) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کریں گے۔

قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۹۔ **جناب عبدالقادر پٹیل**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بحری امور تحریک پیش کریں گے کہ بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ سے متعلق ماحولیاتی، پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی خطرات سے مؤثر طور پر نمٹتے ہوئے بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحول دوست ری سائیکلنگ کی بابت ہانگ کانگ بین الاقوامی معاہدہ، ۲۰۰۹ء کے لیے سہولت فراہم کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے نیز بحری جہازوں کی مذکورہ ری سائیکلنگ سے پیدا ہونے والے خطرناک فاضل مادوں کا ماحول دوست مستقل انتظام یقینی بنانے کے بل [بحری جہازوں کے خطرناک مواد کا ماحول دوست انتظام بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۱۰۔ **جناب عبدالقادر پٹیل**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے بحری امور، بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ سے متعلق ماحولیاتی، پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی خطرات سے مؤثر طور پر نمٹتے ہوئے بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحول دوست ری سائیکلنگ کی بابت ہانگ کانگ بین الاقوامی معاہدہ، ۲۰۰۹ء کے لیے سہولت فراہم کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے نیز بحری جہازوں کی مذکورہ ری سائیکلنگ سے پیدا ہونے والے خطرناک فاضل مادوں کا ماحول دوست مستقل انتظام یقینی بنانے کے بل [بحری جہازوں کے خطرناک مواد کا ماحول دوست انتظام بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۱۱۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۱۶۰ کی شق (۳ب) کی مقتضیات کے مطابق ساتویں این ایف سی ایوارڈ برائے مدت جنوری۔ جون، ۲۰۲۳ء، جولائی۔ دسمبر، ۲۰۲۳ء اور جنوری۔ جون، ۲۰۲۴ء پر عملدرآمد کی ششماہی نگرانی رپورٹ قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۲۔ **سینیٹر محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل مالیاتی ذمہ داری و تحدید قرضہ ایکٹ، ۲۰۰۵ء کی دفعات ۶ اور ۷ اور پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء کی دفعہ ۳۵ کی مقتضیات کے مطابق مالیاتی پالیسی گوشوارہ برائے جنوری، ۲۰۲۶ء، قرضہ جات پالیسی گوشوارہ برائے جنوری، ۲۰۲۶ء اور نگرانی کارکردگی رپورٹ برائے مالی سال ۲۵۔۲۰۲۴ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

۱۳۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۶۰ کے ذیلی قاعدہ (۱) کی مقتضیات کے مطابق، ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۵۶ کی شق (۳) کے تحت یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب کی مصدقہ نقل ایوان میں پیش کریں گے۔

تحریک تشکر

۱۴۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور درج ذیل تحریک پیش کریں گے:۔

''یہ ایوان ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔''

نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۵۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

توجہ دلاؤ نوٹس

۱۶۔ **محترمہ عالیہ کامران** وزیر برائے خزانہ و محاصل کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو موجودہ مالی سال کے پہلے آٹھ مہینوں کے دوران ٹیکس ریونیو میں کمی سے متعلق ہے۔

اسلام آباد،
۲۹ مارچ، ۲۰۲۶ء

سعید احمد میتلا
قائم مقام سیکرٹری